(Time: 3 Hours) (Total Marks: 100)

ہدایات:

۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور نقل کریں۔

۲) تمام سوالات لازمی ہیں۔

۳) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر۱: اردو ناول کے نمایاں عناصر کو تفصیل سے بیان کیجیے۔ 20

یا

اردو ناول کی ترقی اور ارتقاء پر روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر۲: عصمت چغتائی کی سوانح حیات تحریر کیجیے۔ 20

یا

اردو ناول نگاری میں عصمت چغتائی کے مقام کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر۳: ناول "ضدی" کا تنقیدی مطالعہ پیش کیجیے۔ 20

یا

"عصمت کا یہ ناولٹ اگرچہ ایک طرف سماج کی اصلاح کرتا ہے تو دوسری طرف وہ اس بڑی خرابی کی طرف اشارہ بھی کرتا ہے۔"

درج بالا قول کی روشنی میں ناول "ضدی" میں ترقی پسند عناصر کی نشاندہی کیجیے۔



X181YE6F418X181YE6F418X181YE6F418X181YE6F418

**سوال نمبر ۴:** عصمت چغتائی کے ناول "ضدی" کے مرکزی کرداروں کا تعارف پیش کریں۔ 20

**یا**

ناول "ضدی" کے پلاٹ سے بحث کیجیے۔

**سوال نمبر ۵:** سیاق وسباق کے حوالے سے درج ذیل عبارت کی وضاحت کیجیے۔(کوئی دو) 20

1) بھابھی کا قد منا سا گڑیا جیسا تھا۔ اور ویسے ہی چھوٹے چھوٹے کمزور ہاتھ مگر وہ شریر کتنی تھی اور قہقہے کیسے گونجتے تھے۔ جیسے چاندی کے موتی آپس میں ٹکرا رہے ہوں۔ وہ کسی طرح بھی تو تین بچوں کی ماں نہیں معلوم ہوتی تھی، نرمل سے تھوڑی ہی بڑی تو لگتی تھی اور نرمل بھی جب پیدا ہو گیا تھا جب بھابھی کو سیدھے پلے کی ساڑی بھی پہننا نہ آتی تھی۔

2) "جی نہیں۔ یہ مرے ہوئے سفید پھول نہیں جیسے کسی کے مردے پر ڈالے جا رہے ہوں، یہ لگایئے سُرخ والے۔" تو پھر آشا نے وہی لال لال پھول پورن کے یہاں لگا دیئے۔ مگر اس کا دل دھکڑ پکڑ کرتا رہا۔ جیسے وہ چوری کر رہی ہو۔ اس نے کبھی اشد ضروری کام کے بغیر پورن کے کمرے میں قدم نہ رکھا تھا۔ اور جو چچی آجائے تو؟ اور کھانے کے وقت پورن نے آہستہ سے اُسے پھول لگانے کے شکریہ میں نمستے کیا! وہ جلدی سے تھالی لے کر بھاگ آئی جب دوپہر کو وہ برآمدے کے پاس سے ہو کر اپنے کمرے میں جانے لگی تو۔ جیسے کسی نے اُسے ٹھوکر مار دی۔ لال لال پھول موری کے پاس بکھرے پڑے تھے۔ تیز تیز قدم اُٹھاتی وہ اپنی کوٹھری میں چلی گئی۔

3) بھابی کی تو خیر صبح سے درگت ہی تھی۔ رنگ کی ڈلی بنی ہوئی تھی۔ تین دھوتیاں بدل چکی تھی۔ اور پھر بھی کھال تک میں رنگ اُتر گیا تھا۔ یہ گلال میں کیا تاثیر ہوتی ہے کیا گوئی کیمیاوی جز ایسا بھی ہوتا ہے۔ جو شراب کا اثر رکھتا ہے۔ جتنا ملو اتنا ہی انسان پر بھوت سوار ہو جاتا ہے۔

آج تو بڑے بھیا بھی بچے تھے۔ بھابی کے بعد آشا نے ان ہی کی گت بنائی۔ بھر بھر بالٹی وہ اُن ہی پر ڈالتی تھی اور گلال بھی تھوپا۔ اور خود کیا پھرتی سے سانپ کی طرح پھسل جاتی۔

****************



X181YE6F418X181YE6F418X181YE6F418X181YE6F418

(Time: 2 ½ Hours) (Total Marks: 80)

ہدایات:

۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوالا ضرور نقل کریں۔

۲) تمام سوالات لازمی ہیں۔

۳) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱: اردو صحافت کے ارتقا کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔ (20)

یا

تحریک آزادی میں اردو صحافت کی گراں قدر خدمات پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۲: اردو صحافت کی تاریخ میں ''تہذیب الاخلاق'' کی اہمیت اجاگر کیجیے۔ (20)

یا

رسالہ ''تہذیب الاخلاق'' کی ادبی و سماجی خدمات بیان کیجیے۔

سوال نمبر ۳: رسالہ ''شگوفہ'' کی مقبولیت کے اسباب تحریر کیجیے۔ (20)

یا

رسالہ ''شگوفہ'' کے اہم مضامین کا جائزہ پیش کیجیے۔



X181Y8A1212X181Y8A1212X181Y8A1212X181Y8A1212

**سوال نمبر ۴:** مولانا ابوالکلام آزادؔ کے صحافتی سفر کی روداد بیان کیجیے۔ (20)

یا

مولانا حسرتؔ موہانی کی زندگی کا احوال پیش کیجیے۔

***********



X181Y8A1212X181Y8A1212X181Y8A1212X181Y8A1212

(Time: 3 Hours) (Total Marks: 100)

ہدایات:

1) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور نقل کریں۔

2) تمام سوالات لازمی ہیں۔

3) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر 1: علمِ عروض میں تشکیل بحر کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالیے۔ (20)

یا

تقطیع کے اصول وضوابط پر اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

سوال نمبر 2: اردو ترجمہ نگاری کے ارتقائی سفر کو بیان کیجیے۔ (20)

یا

اردو ترجمہ نگاری کی ضرورت اور اس کی مختلف قسموں کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی چار اشعار کی تقطیع کیجیے اور بحر کا نام بھی لکھیے۔ (20)

| | |
|---|---|
| ۱) کسی کے منانے میں لذت وہ پائی | کہ پھر روٹھ جانے کو جی چاہتا ہے |
| ۲) کوئی دیوانہ گلیوں میں پھرتا رہا | کوئی آواز آتی رہی رات بھر |
| ۳) اگر کج رو ہیں انجم آسماں تیرا ہے یا میرا | مجھے فکرِ جہاں کیوں ہو، جہاں تیرا ہے یا میرا |
| ۴) تو بچا بچا کے نہ رکھ اسے ترا آئینہ ہے وہ آئینہ | کہ شکستہ ہو تو عزیز تر ہے نگاہِ آئینہ ساز میں |
| ۵) اس شہر کے سب راستے جاتے ہیں بس تیری طرف | اک ہم ہی ایسے بے خبر بیٹھے رہے اپنی طرف |

Turn Over



X181Y5628B8X181Y5628B8X181Y5628B8X181Y5628B8

سوال نمبر 4: (الف): مندرجہ ذیل عبارت کا اردو میں بامحاورہ ترجمہ کیجیے۔ **(10)**

"In recent times, the world has been facing a series of challenges that have tested human resilience and unity.From economic uncertainty to environmental crises and social tensions, people everywhere are learning to adapt to rapidly changing circumstances. Despite these difficulties, there is also a growing awareness of the importance of cooperation, compassion, and sustainable living. Communities are coming together, helping one another, and seeking solutions that not only address present problems but also protect future generations. These moments remind us that even in times of uncertainty, hope and collective effort can lead to meaningful change".

سوال نمبر 4: (ب): مندرجہ ذیل عبارت کا انگریزی میں بامحاورہ ترجمہ کیجیے۔ **(10)**

"مطالعہ انسان کی شخصیت کو نکھارنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔ یہ نہ صرف علم میں اضافہ کرتا ہے بلکہ سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت کو بھی مضبوط بناتا ہے۔ جو لوگ باقاعدگی سے مطالعہ کرتے ہیں، وہ دنیا کو زیادہ گہرائی سے سمجھتے ہیں اور زندگی کے مختلف پہلوؤں کا بہتر انداز میں تجزیہ کر سکتے ہیں۔ مطالعہ انسان کو مہذب، باخبر اور باشعور بناتا ہے، اور یہی خوبیاں اسے ایک کامیاب فرد بننے میں مدد دیتی ہیں۔ کتابیں انسان کی بہترین دوست ہوتی ہیں، جو ہر مشکل وقت میں رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم روزانہ کچھ نہ کچھ ضرور پڑھیں تاکہ ہم اپنی زندگی کو بہتر اور بامقصد بنا سکیں۔"

Turn Over



X181Y5628B8X181Y5628B8X181Y5628B8X181Y5628B8

**سوال نمبر 5:** مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ کی تعریف مع مثال لکھیے۔ **(20)**

۱) تضاد ۲) حسنِ تعلیل ۳) لف ونشر ۴) ایہام

۵) مبالغہ ۶) مراعات النظیر ۷) تلمیح ۸) تشبیہ

۹) استعارہ

*********



X181Y5628B8X181Y5628B8X181Y5628B8X181Y5628B8